# اساتذہ اور طلبا کے لیےGRP خلاصہ شیٹ

عام ردِ عمل طریق کار (GRP) کو ("i love U guys" فاونڈیشن کے اشتراک سے) تمام اسکولوں کو وہ ہدایات فراہم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے جو وہ ایک ہنگامی واقعہ وقوع پذیر ہونے کی صورت میں لیں گے۔ اسکے مرکز میں ان ابتدائی اقدامات کی نشاندہی کرنے میں اس **عام زبان** کا استعمال ہے جو اسکول برادری **فرسٹ رسپونڈرز کے آنے تک** لیں گی۔ ہر واقعہ میں، اسکول کے منتظمین کو یگانہ حالات کا جائزہ لینا درکار ہوگا جو اس پر اثر انداز ہوگا کہ GRP کو کس طرح نافذ کیا جاتا ہے۔

ہر ایک طریق کار کے لیے عملے اور طلبا کے لیے مخصوص افعال ہیں جو ہر ایک ردِ عمل کے لیے یگانہ ہیں۔ ایسی صورت میں جب ایک طالبِ علم یا عملے کا رکن ابتدائی خطرے کی نشان دہی کرتا ہے تو 911 اور انتظامیہ کو کال کرنا مطلوب ہے۔



**لاک ڈاؤن (ہلکا/ سخت) - ہلکے لاک ڈاؤن (سوفٹ لاک ڈاؤن) کا مطلب ہے نشان دہی کرنے والی ٹیموں کے لیے کسی فوری خطرے کی نشان دہی نہیں کی گئی ہے۔ انتظامیہ ٹیمیں، عمارت کی ہنگامی صورت کی ٹیمیں، اور اسکول حفاظتی ایجنٹ مزید ہدایات کے لیے تقرر کردہ احکاماتی (کمانڈ) مقام پر منظم ہوں گے۔ ایک سخت لاک ڈاؤن کا مطلب ہے کہ فوری خطرہ کی نشان دہی ہو چکی ہے اور کوئی بھی فرد عمارت میں خطرے کی جانچ کی کسی بھی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا۔ تمام افراد، بشمول اسکول کے حفاظتی ایجنٹ لاک ڈاؤن کے مناسب قدم اٹھائیں گے اور ہنگامی صورت کے کارکنان کی آمد کا انتظار کریں گے۔**

**"توجہ کریں: اس وقت ہم ہلکے / سخت لاک ڈاؤن میں ہیں۔ مناسب قدم اٹھائیں"**
**(PA نظام پر دو بار دہرایا جائے گا)۔**

**طلبا ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. نظروں سے دور ہوں اور خاموش رہیں۔

**اساتذہ ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. اپنے کلاس روم کے باہر طلبا کے لیے راہداریوں کو دیکھیں، کلاس روم کے دروازوں کو تالا لگائیں اور بتیاں بجھا دیں۔
2. نظروں سے دور ہوں اور خاموش رہیں۔
3. ہنگامی صورت کے کارکنان کا دروازے کھولنے کا یا "سب ٹھیک ہے" (آل کلیئر) پیغام کا انتظار کریں: "لاک ڈاؤن ختم ہو گیا ہے"، اسکے بعد مخصوص ہدایات ہونگی۔
4. حاضری لیں اور غیر موجود طلبا کے لیے صدر دفتر سے رابطہ کر کے مطلع کریں۔



**انخلا - آگ لگنے کی صورت میں گھنٹی کا نظام عملے اور طلبا کے لیے انخلا کا آغاز کرنے کے لیے ابتدائی انتباہ ہے۔ تاہم، بعض اوقات ہو سکتا ہے کہ PA نظام اور مخصوص ہدایات ایک انخلا کا آغاز کرنے کی تنبیھہ کے طور پر کام انجام دیں۔ اعلان کا آغاز "توجہ کریں" سے ہو گا اور اس کے بعد مخصوص ہدایات دی جائیں گی۔ (PA نظام پر دو بار دہرایا جائے گا)۔**

**طلبا ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. اپنی اشیا کو وہیں رہنے دیں گے اور ایک واحد قطار بنائیں گے۔ سرد موسم میں، طلبا کو کلاس روم سے جاتے وقت اپنے کوٹ ساتھ لے جانے کی یاد دہانی کروائی جانی چاہیئے۔ **جسمانی تعلیم کا لباس پہنے ہوئے طلبا لاکر روم میں واپس نہیں جائیں گے۔** جن طلبا نے اسکول سے باہر کے لیے مناسب لباس نہیں پہنا ہو گا ان کو جتنا جلدی ممکن ہو ایک گرم مقام پر پہنچا کر محفوظ کیا جائے گا۔

**اساتذہ ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. انخلا کے فولڈر کو ساتھ لیں (بمعہ حاضری کی شیٹ اور اسمبلی کارڈ)۔
2. آگ لگنے کی صورت میں مشق کے پوسٹر پر نشان دہی کردہ انخلا کے مقامات تک طلبا کی قیادت کریں۔ **ہمیشہ اضافی ہدایات کے لیے توجہ دیتے رہیں**
3. حاضری لیں اور طلبا کی گنتی کریں۔
4. اسمبلی کارڈ کے طریقے کو استعمال کر کے زخمی ہونے والوں، مسائل یا غیر موجود طلبا کی اطلاع اسکول کے عملے اور ہنگامی صورت کے کارکنان کو دیں۔



**(اندرونِ اسکول) پناہ لینا - "توجہ کریں۔ یہ (اندرونِ اسکول) پناہ لینے (کا اعلان) ہے۔ تمام باہر جانے والے دروازوں کو بند کریں۔ (PA نظام پر دو بار دہرایا جائے گا)۔**

**طلبا ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. عمارت کے اندر رہیں۔
2. معمول میں کام کریں۔
3. عملے کی مخصوص ہدایات کی پابندی کریں۔

**اساتذہ ذیل کے لیے تربیت یافتہ ہیں:**

1. صورت حال کی آگاہی میں اضافہ کریں۔
2. معمول میں کام کریں۔
3. شیلٹر اِن کی ہدایت "آل کلئیر" کا پیغام سننے تک موثر رہے گی۔ "شیلٹر اِن ختم ہو گیا ہے"، اسکے بعد مخصوص ہدایات ہونگی۔

**BRT ممبران، فلور وارڈنز، اور (اندرونِ اسکول) پناہ لینے کا عملہ تمام باہر جانے کے مقامات کو محفوظ بنائیں گے اور مخصوص تقرر کردہ جگہ پر پہنچیں گے۔**



# (HOLD) اپنی جگہ پر رہیں:

**پوری عمارت کے اندر کوئی حرکت نہ کرے۔ ہر ایک کے لیے اسی جگہ پر رہنا لازمی ہے جب تک کہ یہ "آل کلیئر" (All Clear) نہ سن لیں۔**

**اپنی جگہ پر رہنے** کے عمل **(ہولڈ)** کا آغاز اس وقت کیا جاتا ہے جب اسکول کی عمارت کے اندر کوئی صورتِ حال ہو اور، اس صورتِ حال سے فوری طور پر نمٹنے کے لیے یہ **عملے، طلبا اور ملاقاتیوں سے اس وقت تک اپنی جگہ پر رہنے اور معمول میں کام کرنے کا تقاضا کرے جب تک کہ یہ "آل کلیئر" کا اعلان نہ سن لیں۔**

اپنی جگہ پر رہیں کے عمل کا آغاز عمارت کے اندر ایک ایسی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے کیا جا سکتا ہے جو اسکول کی برادری کو خطرے میں **نہ ڈالے**، یا جب بھی ہنگامی صورت کے کارکنان کی جانب سے ہدایت دی جائے۔

**ہولڈ ایک سافٹ یا ہارڈ لاک ڈاؤن کی جگہ نہیں لیتا ہے۔**

عمارت کی ردِ عمل کرنے والی ٹیم اور حفاظتی ایجنٹ عمارت کا دورہ کریں گے۔ جن افراد کو بیت الخلا، راہداریوں، سیڑھیوں یا برآمدے میں پایا جائے گا ان کو ایک مقام پر لے جایا جائے گا جب تک کہ "آل کلیئر" کا اعلان نہ کر دیا جائے۔

اعلان کو سب کی یہ یاد دہانی کروانے کے لیے کیا جانا چاہیئے کہ "کلاس کے ختم ہونے" کے کسی بھی اشارے کو نظر انداز کر دیا جائے۔ کسی کو بھی اس وقت تک اپنے کمرے یا دفتر میں داخل نہیں ہونا چاہیئے یا اس سے باہر نہیں جانا چاہیئے جب تک کہ "آل کلیئر" کا اعلان نہ کر دیا جائے اور عمارت میں دوبارہ معمول میں کام شروع کیا جا سکے۔

اپنی جگہ پر رہنے کے عمل کے دوران، عمارت میں داخل ہونے والے کسی بھی فرد کو ہولڈ سے مطلع کیا جانا چاہیئے۔ اگر طلبا دوپہر کے کھانے (لنچ) سے واپس آ رہے ہوں تو ان کے ہمراہ تقرر کردہ جگہ تک جانا چاہیئے جہاں یہ اس وقت تک مناسب نگرانی میں رہیں گے جب تک کہ "آل کلیئر" اعلان نہ کر دیا جائے۔

**عوام الناس سے خطاب:**

اپنی جگہ پر رہنے (ہولڈ) کی اطلاع دینے کا عوام الناس کے لیے اعلان، **"توجہ کریں، یہ اپنی جگہ پر رہنے (ہولڈ) کا اعلان ہے۔ تمام عملہ، طلبا، اور ملاقاتیوں کو اس وقت تک اپنی جگہ پر رہنا چاہیئے جب تک کہ یہ "آل کلیئر" (اعلان) نہ سن لیں۔"** جب بھی یہ اعلان کیا جائے گا اس کو دو دفعہ دہرایا جائے گا۔

جب بھی اپنی جگہ پر رہنے کے عمل (ہولڈ) کو استعمال کیا جاتا ہے تو ذیل کے لیے اضافی اعلانات کیے جانا لازمی ہیں:

- عملے کے لیے معلومات فراہم کرنا،
- ہر ایک کی یاد دہانی کروانا کہ کلاس کے اختتام کا اشارے کرنے والی گھنٹی کو نظر انداز کریں، اور
- اساتذہ / عملے کی یاد دہانی کروانا کہ یہ تعلیم / کام کو جاری رکھ سکتے ہیں، لیکن یہ طلبا / عملے کو کمرے میں اندر / یا باہر آنے جانے نہ دیں۔

**اقدامات:** اپنی جگہ پر رہنے کے اعلان کو سننے کے بعد:

**عملے کے لیے لازمی ہے:**

- دروازے کو **تالا** لگائیں۔
- اپنی موجودہ **جگہ پر رہیں**۔
- جب اپنی جگہ پر رہنے کے عمل کا اعلان ہو اگر کوئی بھی طلبا کلاس روم سے باہر ہیں تو اس کی اطلاع دینے کے لیے صدر دفتر سے رابطہ کریں۔

**طلبا / عملے کے لیے لازمی ہے:**

- وہ جہاں بھی ہیں وہیں پر رہیں جب تک کہ "آل کلیئر" اعلان کر دیا جائے۔
- کلاس کے ختم ہونے کے معمول کی گھنٹی کے کسی بھی اشارے کو نظر انداز کر دیں۔
- یاد رکھیں کہ کلاس روم پاس کا کوئی استعمال نہ کیا جائے اور ہر ایک کو اس وقت تک اپنی جگہ پر رہنا چاہیئے جب تک ہولڈ کو ختم کر دیا جائے۔